Bahawalpur Board-2024-G-1

A

L.K.No. 1455

Paper Code No.8021

اُردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2024

پرچہ : II (معروضی طرز)

pakcity.org

Inter (Part - II)

( گروپ فرسٹ )

وقت : 20 منٹ

سیشن (2020 - 2022) تا (2022 - 2024)

کل نمبر : 20

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی ایبل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 (الف)

(1) اکبری کے شوہر کا نام تھا : (A) محمد فاضل (B) محمد کامل (C) محمد عاقل (D) محمد عادل

(2) بصرہ کی عورتوں میں جذبہ جہاد پیدا کیا : (A) سلمٰی نے (B) زبیدہ نے (C) عذرا نے (D) ناہید نے

(3) بیگم اختر ریاض الدین نے پہلی ٹیکسی لگائی : (A) کلکتہ میں (B) ٹوکیو میں (C) کراچی میں (D) ہانگ کانگ میں

(4) نہ نئی دنیا رہی نہ پرانی دنیا ؛ رہے نام : (A) رب کا (B) اللہ کا (C) خدا کا (D) سب کا

(5) مولوی نذیر احمد غیر معمولی استعداد رکھتے تھے : (A) اُردو میں (B) فارسی میں (C) عربی میں (D) انگریزی میں

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) احمد نے کرسی ، میز اور پلنگ ____ : (A) خریدے (B) خریدیں (C) خریدی (D) خریدا

(7) روپیہ ، پیسہ ، مال اسباب کچھ نہ ____ : (A) بچا (B) بچے (C) بچی (D) بچیں

(8) دونوں ماں ، بیٹی چلی ____ : (A) گئی (B) گئیں (C) گئے (D) گیا

(9) ____ تم پڑھو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے : (A) اس لیے (B) مگر (C) اگر (D) کیوں کہ

(10) ____ آئے مگر وہ نہ آیا : (A) کوئی (B) چوں کہ (C) اگر (D) سب

(ج) رموز و اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(11) سب سے مختصر وقفے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) سکتہ (B) رابطہ (C) ختمہ (D) وقفہ

(12) رابطہ کی علامت ہے : (A) ؛ (B) : (C) ! (D) ،

(13) عبارت میں مکمل ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) رابطہ کی (B) وقفہ کی (C) ختمہ کی (D) سوالیہ کی

(14) سوالیہ کی تعریف ہے : (A) جواب دینا (B) سوال پوچھنا (C) فقرے کی تکمیل (D) مختصر ٹھہراؤ

(15) واوین کی علامت ہے : (A) ( ) (B) :— (C) ؟ (D) " "

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(16) اُٹھنا : (A) وہ درد سے چلا اُٹھا (B) مسجد میں شور اُٹھا (C) ندیم جلدی اُٹھتا ہے (D) وہ اُٹھ کر چلا گیا

(17) لینا : (A) اس نے ادھار لیا (B) میں نے کتاب پڑھ لی (C) جمیل خبر لایا (D) تم نے دوا لی

(18) پڑنا : (A) وہ یونہی پڑا رہا (B) کاپی کہاں پڑی ہے (C) عابد گر پڑا (D) وہ فرش پر پڑا ہے

(19) " اس نے گلاس اُٹھا لیا " میں امدادی فعل ہے : (A) لیا (B) اٹھا (C) گلاس (D) اس

(20) " تم ابھی چلے جاؤ " میں امدادی فعل ہے : (A) تم (B) ابھی (C) چلے (D) جاؤ

---------☆☆---------

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2024-G-1

| | | |
|---|---|---|
| سیشن (2020 - 2022) تا (2022 - 2024) | L.K. No. 1455 - 35000 | رول نمبر |
| گروپ فرسٹ | Ist - A - Exam 2024 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
| کل نمبر : 80 | Inter ( Part - II ) | وقت 2:40 گھنٹے |

حصہ اول ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆ ﴿ ہدایت ﴾

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف)

اے ہم نشیں ! کلام مِرا لاکلام ہے — سُن! زندگی تغیّرِ پیہم کا نام ہے
راتوں کو ہے سَحَر کی تجلّی کا انتظار — ہے ہرصدا فراقِ خموشی میں بے قرار

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

اے ہم سخن وفا کا تقاضا ہے اب یہی — میں اپنے ہاتھ کاٹ لوں، تو اپنے ہونٹ سی
کن بے دلوں میں پھینک دیا حادثات نے — آنکھوں میں جن کی نور نہ باتوں میں تازگی
بول اے مِرے دیار کی سوئی ہوئی زمیں — میں جن کو ڈھونڈتا ہوں کہاں ہیں وہ آدمی

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1+1+3+10

(الف) علی گڑھ تحریک کی وجہ سے قوم میں کئی اور تحریکات شروع ہو گئیں۔اختلافات ضرور رونما ہوئے لیکن ایک حد تک یہ نئی زندگی کا نشان تھے۔سرسید، امیر علی اور دیگر بزرگوں نے اسلام کو مغربی علوم سے اس طرح جا ملایا تھا کہ اسے ایک ترقی یافتہ مذہب ثابت کیا لیکن اس جدید علم الکلام کے ردِ عمل کے طور پر بعض اور مذہبی مساعی بروئے کار آئیں۔

(ب) ہاں تو ایسٹ ویسٹ سینٹر اور ہوائی کی یونیورسٹی میں یوں تو راضی قربت ہے لیکن ازلی رقابت بھی ہے۔کسی حد تک یہ رقابت صحت مند بھی ہے۔امریکہ کے بہترین پروفیسر اور اعلیٰ ذہن سردی گرمی لیکچر کے لیے بلائے جاتے ہیں۔طرح طرح کی نمائشیں، فلم ، جشن منائے جاتے ہیں۔اس کی جدید عمارات کے سامنے لمبی سے لمبی موٹریں جو آدھی طلبہ کی اور آدھی پروفیسروں کی ہوتی ہیں، امریکہ کی افراط کا صحیح ثبوت ہیں۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ایوب عباسی (ب) محنت پسند خردمند

سوال نمبر 5 مولانا الطاف حسین حالی کی نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) محسنِ انسانیت خاتم النبیین ( صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم ) (ب) ماحولیاتی آلودگی (ج) اُردو ہماری قومی زبان

سوال نمبر 7 سوشل میڈیا سے بڑھتی ہوئی اخلاقی بے راہ روی کے موضوع پر اخبار کے مدیر کے نام خط تحریر کیجیے۔ (10)

pakcity.org

---------☆☆☆☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2024-G-2

A | L.K.No. 1456 | Paper Code No.8022 | اُردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2024 | پرچہ : II (معروضی طرز)

pakcity.org

Inter (Part - II) | وقت : 20 منٹ (گروپ سیکنڈ)

سیشن (2020 - 2022) تا (2022 - 2024) | کل نمبر : 20

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ایبل شیٹ پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 (1) (الف) انڈین نیشنل کانگرس کی بنیاد پڑی : (A) 1883ء (B) 1885ء (C) 1887ء (D) 1889ء

(2) سبق " نواب محسن الملک" کی صنف ادب ہے : (A) افسانہ (B) ڈرامہ (C) ناول (D) خاکہ

(3) دمشق سے روانگی کے وقت محمد بن قاسم کی فوج کی تعداد تھی : (A) تین ہزار (B) چار ہزار (C) پانچ ہزار (D) چھ ہزار

(4) زبیر کو پھانسی کی سزا دی گئی تھی کیونکہ اس نے : (A) قتل کیا تھا (B) چوری کی تھی (C) ڈاکا ڈالا تھا (D) غداری کی تھی

(5) ایوب عباسی کا گھر بارہ مہینے بنا رہتا تھا : (A) مسافر خانہ (B) مہمان خانہ (C) چائے خانہ (D) ہوٹل

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) ___ وہ بیمار تھا اس لیے کالج نہ آسکا : (A) لیکن (B) پھر (C) چوں کہ (D) اگر

(7) وہ صرف محنتی ہی نہیں ___ ذہین بھی ہے : (A) چوں کہ (B) بلکہ (C) جب کہ (D) اگرچہ

(8) باپ اور بیٹا خیریت سے لاہور پہنچ ___ : (A) گیا (B) گئی (C) گئیں (D) گئے

(9) " جنگ " اخبار روزانہ شائع ___ : (A) ہوتا ہے (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

(10) چچا بھتیجا لڑ ___ : (A) پڑی (B) پڑیں (C) پڑے (D) پڑا

(ج) رموز اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(11) رابطہ کی علامت ہے : (A) : (B) ؟ (C) - (D) ،

(12) تفصیلیہ سے مراد ہے : (A) فقرے کی تکمیل (B) تفصیل بیان کرنا (C) سوال پوچھنا (D) حیرت کا اظہار

(13) ؟ علامت ہے : (A) وقفہ (B) ختمہ (C) سوالیہ (D) تفصیلیہ

(14) جملہ معترضہ لکھنے کے لیے علامت لگائی جاتی ہے : (A) قوسین (B) تفصیلیہ (C) سوالیہ (D) رابطہ

(15) سکتہ کا دوسرا نام ہے : (A) وقف لازم (B) وقف مطلق (C) وقف خفیف (D) رابطہ

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(16) کرنا : (A) مجھے سبق یاد کرنا ہے (B) ہمیشہ وقت پر پڑھا کرو (C) وہ کاروبار کرتا ہے (D) وقت کو ضائع نہ کرو

(17) بیٹھنا : (A) غصہ آئے تو بیٹھ جاؤ (B) محفل میں ادب سے بیٹھو (C) فضول بیٹھنا منع ہے (D) مجھے دیکھتے ہی وہ اٹھ بیٹھا

(18) چاہنا : (A) وہ گھر جانا چاہتا ہے (B) میں معافی چاہتا ہوں (C) جو چاہو لے لو (D) اُسے چاہیے کہ دل لگا کر پڑھے

(19) رکھنا : (A) قلم رکھ دو (B) کتاب کہاں رکھی ہے؟ (C) مجھے روزہ رکھنا ہے (D) اسلم نے آسمان سر پہ اٹھا رکھا ہے

(20) چکنا : (A) کلاس شروع ہو چکی ہے (B) فرش چکنا ہے (C) وہ چکنی چپڑی باتیں کرتا ہے (D) علی کو چوٹ پڑ گئی

---------☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: | L.K. No. 1456-3000 | سیشن (2020 - 2022) تا (2022 - 2024) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2024 | گروپ سیکنڈ |
| وقت 2:40 گھنٹے | Inter ( Part - II ) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆ **حصہ اول**

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) سراپا مَعصِیَت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے — خطا کوشی روش میری ، خطا پوشی ہے کام اس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی — کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
دید وا دید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
بے ہنر ، دشمنیٔ اہلِ ہنر سے ، آ کر — منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1+1+3+10

(الف) دوسروں سے کام لینے کا انھیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی اُن کا کام کرتے تھے۔اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی ان کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے جیسے ان کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں ، یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں ، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ " ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا۔کم بختو ! ملعونو! تمھارے شور نے اسے اڑا دیا"۔مولانا ظفر علی خاں کا یہ حال نہیں ، جس طرح ہم اور آپ نثر لکھتے ہیں اسی طرح وہ شعر کہتے چلے جاتے ہیں۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے (10) = 1 + 9

(الف) مناقب عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) (ب) مواصلات کے جدید ذرائع

سوال نمبر 5 اسرار الحق مجاز لکھنوی کی نظم " نوجوان سے خطاب" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ( 5 )

سوال نمبر 6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ ( 20 )

(الف) ڈینگی بخار اور احتیاطی تدابیر (ب) معاشرے میں عدم برداشت : وجوہات اور روک تھام
(ج) میرا پسندیدہ نثر نگار

سوال نمبر 7 ڈپٹی کمشنر کو خط لکھ کر حکومت کی توجہ بڑھتی ہوئی ملاوٹ کی طرف دلائیے۔ (10)

pakcity.org

---------☆☆☆☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2023-G-1

pakcity.org

B | L.K.No. 1063 | Paper Code No.8023 | اردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2023

پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II)

گروپ فرسٹ

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

سیشن (2019 - 2021) تا (2021 - 2023)

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 (الف)

(1) ایوب عباسی یونیورسٹی میں کس عہدے پر فائز تھے : (A) پروفیسر (B) پرووسٹ (C) ڈین (D) وی۔سی

(2) مولانا جب تک دفتر میں رہتے تھے بڑی ------ رہتی تھی : (A) افسردگی (B) سراسیمگی (C) پریشانی (D) چہل پہل

(3) ڈاکٹر برہان نے پہن رکھی تھی : (A) واسکٹ (B) برساتی (C) جرسی (D) ٹوپی

(4) محمد بن قاسم نے بصرہ میں ------ دن قیام کیا : (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

(5) عمر بن عبدالعزیز (رضی اللہ عنہ) مذہب کی -------- تھے : (A) عملی تصویر (B) مجسم تصویر (C) مکمل تصویر (D) بے مثال تصویر

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(6) میں نے " قصص الانبیاء " الماری میں ------ : (A) رکھے ہوئے ہیں (B) رکھی ہوئی ہے (C) رکھا ہوا ہے (D) رکھا ہوگا

(7) وہ صرف ذہین نہیں ------ ہوشیار بھی ہے : (A) اگرچہ (B) ورنہ (C) چونکہ (D) بلکہ

(8) عورتوں نے کہا ہم کھیلیں ------ : (A) گا (B) گے (C) گی (D) گئیں

(9) وہ اور تم -------- : (A) چلے گی (B) چلیں گے (C) چلے گا (D) چلوگے

(10) تین جوان ، دو بوڑھے اور ایک عورت ڈوب -------- : (A) گئے (B) گئیں (C) گئی (D) گیا

(ج) رموز اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(11) مکمل ٹھہراؤ کے لئے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) ! (B) : (C) ؟ (D) ۔

(12) قوسین کے متبادل علامت استعمال کی جاسکتی ہے : (A) رابطہ کی (B) استعجابیہ کی (C) واوین کی (D) خط کی

(13) علامت " ؟ " ہے : (A) ندائیہ کی (B) استفہامیہ کی (C) ختمہ کی (D) خط کی

(14) جملہ معترضہ کے لئے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) واوین کی (B) قوسین کی (C) تفصیلیہ کی (D) استعجابیہ کی

(15) تفصیل بیان کرنے کے لئے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) :— (B) ؛ (C) ( ) (D) ؟

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(16) پانا : (A) میں منزل پانا چاہتا ہوں (B) طالب علم بے ہوش پایا گیا ہے (C) یہاں کا پانی ٹھنڈا پایا (D) مریض مشکل سے چل پایا

(17) اٹھنا : (A) زخمی درد سے بلبلا اٹھا (B) ہم اٹھ بیٹھے (C) یہاں سے اٹھ جاؤ (D) بچوں نے شور سے آسمان سر پر اٹھالیا

(18) آنا : (A) صغریٰ کالج آگئی (B) ہم کتابیں لے آئے (C) تم کہاں سے آرہے ہو ؟ (D) دیر سے نہ آیا کرو

(19) پڑنا : (A) مجھے تم سے کام پڑ گیا (B) میں کالج میں پڑھتا ہوں (C) کھلاڑی میدان میں گر پڑا (D) کتاب میز پر پڑی ہے

(20) لینا : (A) وقت پر دوائی لینا (B) تم کھانا کھالو (C) سامان ہم سے لینا (D) بچے نے کھلونا لیا

----------☆☆----------

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1063 - 35000 | سیشن (2019 - 2021) تا (2021 - 2023) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2023 | گروپ فرسٹ |
| وقت 2:40 گھنٹے | Inter ( Part - II ) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔☆

حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) کسی قوم کا جب اُلٹتا ہے دفتر — تو ہوتے ہیں مسخ اُن میں پہلے تونگر
کمال اُن میں رہتے ہیں باقی ، نہ جوہر — نہ عقل اُن کی ہادی ، نہ دین اُن کا رہبر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

نہ تخت و تاج میں ، نے لشکر و سپاہ میں ہے — جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں اور مردِ حق ہے خلیل — یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لا اِلٰہ میں ہے
وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا — یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (15) = 1+1+3+10

(الف) اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) نے آ کر اسلامی و مغربی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا ، جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی و اجتماعی نشوونما ہے۔اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) کا خیال ہے کہ انسان اطاعت ، ضبطِ نفس اور نیابت الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔اس ارتقاء میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔

(ب) ہاں تو ایسٹ ویسٹ سنٹر اور ہوائی کی یونیورسٹی میں یوں تو راضی قربت ہے لیکن ازلی رقابت بھی ہے۔کسی حد تک یہ رقابت صحت مند بھی ہے۔امریکہ کے بہترین پروفیسر اور اعلیٰ ذہن سردی گرمی لیکچر کے لئے بلائے جاتے ہیں۔طرح طرح کی نمائشیں ، فلم ، جشن منائے جاتے ہیں۔اس کی جدید عمارات کے سامنے لمبی سے لمبی موٹریں جو آدھی طلبہ کی اور آدھی پروفیسروں کی ہوتی ہیں ، امریکہ کی افراط کا صحیح ثبوت ہیں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 9

(الف) اکبری کی حماقتیں (ب) ایوب عباسی

سوال نمبر5 حفیظ تائب کی نظم " نعت " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ ( 5 )

سوال نمبر6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ ( 20 )

(الف) محسن انسانیت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) (ب) وبائی امراض اور اُن کا سدباب (ج) ماحولیاتی آلودگی

سوال نمبر7 اپنے دوست / سہیلی کی شادی میں شرکت کی دعوت قبول کرتے ہوئے شادیوں میں غیر اسلامی رسومات سے بچنے کی تلقین کا خط لکھیے۔ (10)

pakcity.org

---------☆☆☆☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

A | L.K.No. 1064 | Paper Code No.8022 | اُردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2023 | پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II) | گروپ سیکنڈ | وقت : 20 منٹ

سیشن (2019 - 2021) تا (2021 - 2023) | کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 (الف) سبق " محنت پسند خردمند " میں محمد حسین آزاد نے کس کو فرشتہ صفت کہا ہے :

(1) (A) خسرو آرام کو (B) محنت پسند خردمند کو (C) اولاد آدم کو (D) ہمت وتدبیر کو

(2) ڈاکٹر برہان کے مطابق اب دروازے پر دستک کون دیتا تھا : (A) ہوا (B) بڑے میاں (C) ڈاکٹر زیدی کا ضمیر (D) ڈاکٹر زیدی

(3) ہوائی کس ملک کی ریاست ہے : (A) برطانیہ کی (B) امریکہ کی (C) جاپان کی (D) چین کی

(4) چراغ حسن حسرت نے مولانا ظفر علی خاں کے ساتھ سیر سے بچنے کے لئے کیا بہانہ کیا :
(A) بخار (B) نمونیا (C) ہرنیا (D) قولنج

(5) ابن انشاء کے افغانی دوست نے شیطانی چرخہ کسے کہا : (A) ریلوے کو (B) جہاز کو (C) سینما کو (D) کتابوں کو

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(6) " مکتوبات اقبال " چھپ ------ ہے : (A) گیا (B) گئیں (C) گئی (D) گئے

(7) عورتوں نے کہا ہم -------- : (A) آتی ہیں (B) آتا ہے (C) آئی ہیں (D) آتے ہیں

(8) ہم نے ملتان کے آموں کو ---- پایا : (A) میٹھے (B) میٹھا (C) میٹھی (D) کھٹے

(9) اگرچہ وہ میرا بیٹا ہے ---- نافرمان ہے : (A) بلکہ (B) چاہے (C) لیکن (D) چونکہ

(10) جوں جوں ہم بلندی پر چڑھتے گئے ------- سردی بڑھتی گئی : (A) توں توں (B) ویسے ویسے (C) پھر بھی (D) تب ہی

(ج) رموز اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(11) وقفہ کی تعریف ہے : (A) تفصیل بیان کرنا (B) مکمل ٹھہراؤ (C) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (D) مختصر ٹھہراؤ

(12) سچ ہے ---- اتفاق میں برکت ہے۔ کون سی علامت آئے گی : (A) :— (B) : (C) ؛ (D) ،

(13) ختمہ کی علامت استعمال ہوتی ہے :
(A) جملے کے درمیان میں (B) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لئے (C) مخاطب کرنے کے لئے (D) مکمل جملے کے بعد

(14) آزاد کشمیر کے درج ذیل اضلاع ہیں ---- علامت آئے گی : (A) :— (B) ! (C) ؟ (D) ۔

(15) خوشی اور حیرت کے اظہار کے لئے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے : (A) رابطہ (B) سکتہ (C) فجائیہ (D) قوسین

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(16) کرنا : (A) مجھے تنگ نہ کرو (B) تم کمال کرتے ہو (C) اپنا کام پورا کرو (D) وقت پر گھر آیا کرو

(17) رہنا : (A) وہ اکثر میرے گھر آتا رہتا ہے (B) اس کا یہاں رہنا ممکن نہیں (C) وہ گاؤں میں رہتا ہے (D) آج کل آپ کہاں رہتے ہیں؟

(18) پانا : (A) محنتی آدمی اپنا مقصد پالیتا ہے (B) میں نے اُسے پالیا (C) وہ لاہور نہ جا پایا (D) تمہیں پانا میری منزل ہے

(19) نکلنا : (A) بچہ حادثے میں بچ نکلا (B) کلاس سے نکل جاؤ (C) ابھی سورج نہیں نکلا (D) بل سے سانپ نکلا

(20) جانا : (A) وہ روزانہ کالج جاتا ہے (B) تم کہاں جاتے ہو؟ (C) جاؤ اپنا کام کرو (D) جلد گھر چلے جانا

--------☆☆--------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1064 - 32000 | سیشن (2019 - 2021) تا (2021 - 2023) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2023 | گروپ سیکنڈ |
| وقت 2:40 گھنٹے | Inter ( Part - II ) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆

## حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف)

زندگی نیچے کہیں منہ دیکھتی ہی رہ گئی — کتنا اونچا لے گیا جینے کا معیار آدمی

عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی — قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھ دار آدمی

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تُو ہو اور آپ بہ صد رنگِ گلستاں ہونا

عشرتِ پارۂ دل ، زخمِ تمنّا کھانا — لذّتِ ریشِ جگر ، غرقِ نمکداں ہونا

کی مِرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

## حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1+1+3+10

(الف) عالَم کا رنگِ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دُنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جُھولا ڈالے الگ باغ میں جُھولا کرتے تھے ، البتہ جو صاحبِ ضرورت اُن کے پاس جاتا ، اسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیئے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔ وہ بہت خفا ہوئے اور کہا کہ اپنے کیے کا علاج نہیں۔

(ب) اکبری کو نانی کے لاڈ پیار نے زندگی بھر کیسی مصیبت میں رکھا۔ لڑکپن میں اکبری نے نہ کوئی ہنر سیکھا نہ کچھ اس کے مزاج کی اصلاح ہوئی۔ جب اکبری نے ساس سے جدا ہو کر الگ گھر کیا ، برتن بھاڑا ، کپڑا زیور سب کچھ اس کے پاس موجود تھا ، چوں کہ خانہ داری کا سلیقہ نہیں رکھتی تھی چند روز میں تمام مال واسباب خاک میں ملا دیا اور ایک ہی برس میں ہاتھ کان سے ننگی رہ گئی۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیز (رضی اللہ عنہ) (ب) مواصلات کے جدید ذرائع

سوال نمبر5 مولانا ظفر علی خان کی " حمد " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) سیلاب کی تباہ کاریاں (ب) کھیلوں کی اہمیت (ج) فرشتے سے بہتر ہے انسان بننا

سوال نمبر7 اپنے دوست / سہیلی کے نام خط لکھ کر کسی پسندیدہ ناول کے بارے میں اظہارِ خیال کیجیے۔ (10)

pakcity.org

---------☆☆★☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

D | L.K.No.1303 | Paper Code No.8027 | اُردو (لازمی)

Inter - A - 2022

پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II) گروپ فرسٹ

وقت : 20 منٹ

Session (2018 - 2020) to (2020 - 2022)

کل نمبر : 20

Bahawalpur Board-2022

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 (الف) حضرت عمر بن عبدالعزیز(رضی اللہ عنہ) نے ترکے میں کتنے دینار چھوڑے :

(1) (A) 10 (B) 17 (C) 07 (D) 70

(2) ہوائی کس ملک کی ریاست ہے : (A) پاکستان (B) روس (C) امریکہ (D) جاپان

(3) مکران کے گورنر کا نام تھا : (A) محمد بن ہارون (B) عبداللہ (C) احمد یار (D) ولید

(4) سید احمد شہید کس شہر میں دفن ہیں : (A) پشاور (B) لاہور (C) بالاکوٹ (D) مری

(5) زُلفن کون تھی : (A) مزاج دار کی سہیلی (B) بہن (C) ماں (D) نوکرانی

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(6) گھر ماں کی سلطنت ------ ہے : (A) ہوتا ہے (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتیں ہیں

(7) امجد کامیاب ہوگیا ------ ہارون ناکام ہوگیا : (A) کیونکہ (B) جبکہ (C) خواہ (D) بلکہ

(8) لشکر شکست کھا کر بھاگ ---- : (A) گئی (B) گیا (C) گئیں (D) گئے

(9) ہجوم نعرے لگا ------- : (A) رہا ہے (B) رہی ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

(10) کلیاتِ فیض چھپ ------- : (A) گئی ہے (B) گیا ہے (C) گئے ہیں (D) گئیں

(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(11) وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کی علامت ہے : (A) سکتہ (B) رابطہ (C) واوین (D) فجائیہ

(12) خوشی یا غمی کے اظہار کے لئے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) سوالیہ (B) فجائیہ (C) سکتہ (D) رابطہ

(13) سب سے مختصر ٹھہراؤ کی علامت ہے : (A) سکتہ (B) رابطہ (C) واوین (D) دُعائیہ

(14) ( ! ) کس کی علامت ہے : (A) فجائیہ (B) سوالیہ (C) ختمہ (D) تفصیلیہ

(15) قوسین کی علامت بتایئے : (A) ؟ (B) ( ) (C) ! (D) ،

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(16) دینا : (A) یہ مکان مجھے دو۔ (B) اس نے قرض ادا کر دیا۔ (C) پودوں کو پانی دو۔ (D) ہر روز صدقہ دو تو اچھا ہے۔

(17) آنا : (A) وہ امتحان دے آیا ہے۔ (B) وہ لاہور آیا۔ (C) جلدی گھر آنا۔ (D) میرے پاس آؤ گے۔

(18) ڈالنا : (A) تم نے یہ کیا کر ڈالا۔ (B) پانی ڈالو۔ (C) اس نے ووٹ ڈالا ہے۔ (D) رقم جیب میں ڈالو۔

(19) اُٹھنا : (A) فراز جلدی اُٹھتا ہے۔ (B) میری عینک اُٹھالاؤ۔ (C) بچہ شور سے جاگ اُٹھا۔ (D) وہ دیر سے اُٹھتا ہے۔

(20) لینا : (A) امجد نے نئی گاڑی لی۔ (B) اس نے اپنا بدلہ لے لیا۔ (C) یہ رقم لیں۔ (D) وہ نیا گھر لیتا ہے۔

---------☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2022

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1303 - 35000 | گروپ فرسٹ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter - A - 2022 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2018 - 2020) to (2020 - 2022) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔☆

حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) تمہاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
مذمت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے ؟ تمہارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

کبھی ہر جلوۂ صد رنگ حاصل تھا نگاہوں کو اب اشکِ خوں بھی چشمِ شوق کو حاصل نہیں ہوتا
ہر اِک کارِ تمنا پر یہ مجبوری ، یہ مختاری مجھے آساں نہیں ہوتا ، تجھے مشکل نہیں ہوتا
ہمیں ہنگامہ آرا تھے مگر ہم جب سے ڈوبے ہیں کہیں طوفاں نہیں اُٹھتا ، کہیں ساحل نہیں ہوتا

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (15) = 1+1+3+10

(الف) عالَم کا رنگِ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دُنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے ، البتہ جو صاحبِ ضرورت اُن کے پاس جاتا ، اُسے صلاحِ مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیئے جس سے احتیاج و افلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔ وہ بہت خفا ہوئے اور کہا کہ اپنے کیے کا علاج نہیں۔

(ب) اغیار کو تو یہ مسرور اور با فراغت دیکھ کر خوش ہوں گے اور فخر کریں گے ، لیکن اپنوں کو کھاتا پیتا یا ہنستا بولتا دیکھ کر غم وغصہ کے انگاروں پر لوٹنے لگیں گے۔ یہ اپنے نکمے پَن اور بے غیرتی کو اپنی بہت بڑی خوبی اور اپنا حربہ سمجھتے ہیں۔ یہ اپنے کھاتے کماتے عزیز کو غاصب سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ آپ نے اُن نعمتوں پر قبضۂ مخالفانہ کر رکھا ہے جو بہ صورتِ دیگر ان کے قبضہ میں آتیں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ایوب عباسی (ب) دستک

سوال نمبر5 مولانا الطاف حسین حالی کی نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ ( 5 )

سوال نمبر6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ ( 20 )

(الف) کرونا کے سماجی زندگی پر اثرات (ب) مذموم سماجی رسمیں (ج) ملکی ترقی میں اُستاد کا کردار

سوال نمبر7 اپنے دوست کو کرونا وائرس سے بچنے کیلئے حفاظتی اقدامات اپنانے کے لئے خط تحریر کیجئے۔ (10)

---------☆☆☆☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org
Bahawalpur Board-2022

L.K.No.1304 | Paper Code No.8028

Inter - A - 2022

Inter (Part - II)

Session (2018 - 2020) to (2020 - 2022)

گروپ سیکنڈ

اُردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 (الف) بنواُمیّہ کے دفترِ اعمال میں بدترین واقعہ کیا تھا :

(1) (A) آزادیِ حق گوئی کا استیصال (B) عدل سے فرار (C) غلام بنانا (D) جاگیریں غصب کرنا

(2) مزاج دار کون ہے : (A) اصغری (B) اکبری (C) حجن (D) زُلفن

(3) مسلمانوں کے قائم کردہ محکمۂ ڈاک کا نام کیا تھا : (A) دیوانِ خاص (B) دیوانِ ڈاک (C) دیوان البرید (D) جدید

(4) علامہ محمد اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) کے خیال میں خودی کی کتنی منازل ہیں : (A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

(5) تدبیر اور مشورہ حالات کے بدلنے کے بعد کہاں چلے گئے : (A) جنگل میں (B) باغ میں (C) غاروں میں (D) پہاڑوں میں

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) وہ گھر نہ گیا ------ دفتر چلا گیا (A) چونکہ (B) ورنہ (C) یا (D) بلکہ

(7) میں نے رشیدہ کے بالوں کو ------ : (A) لمبے دیکھا (B) لمبے دیکھے (C) لمبا دیکھا (D) لمبی دیکھا

(8) وہ حسین ہی نہیں بلکہ شوخ ---- ہے : (A) بلکہ (B) مگر (C) تو (D) بھی

(9) تبلیغی جماعت جا ------- : (A) رہی ہے (B) رہے ہیں (C) رہی ہیں (D) رہیں ہیں

(10) ہم نے ملتان کے آموں کو ------- : (A) میٹھے پائے (B) میٹھے پایا (C) میٹھی پائے (D) میٹھا پایا

(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(11) حیرت اور خوشی کے اظہار کیلئے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے : (A) وقفہ (B) سکتہ (C) رابطہ (D) فجائیہ

(12) کسی کا قول یا اقتباس ہو بہو تحریر کرنا ہو تو علامت آئے گی : (A) واوین (B) وقفہ (C) ختمہ (D) سوالیہ

(13) استفہامیہ کی علامت ہے : (A) ؟ (B) : (C) ! (D) " "

(14) وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لئے علامت استعمال ہوتی ہے : (A) رابطہ (B) سکتہ (C) ختمہ (D) سوالیہ

(15) ( : ) علامت ہے : (A) تفصیلیہ کی (B) رابطہ کی (C) ندائیہ کی (D) وقفہ کی

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(16) ڈالنا : (A) چائے میں چینی ڈالو۔ (B) گڑھے میں مٹی ڈالو۔ (C) بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی۔ (D) یہ خط ڈال آؤ۔

(17) دینا : (A) ذرا پانی دینا۔ (B) تم آواز تو دینا۔ (C) سانپ کو مار دو۔ (D) اشارے دے کر دیکھو۔

(18) پڑنا : (A) وہ پڑھتا رہا۔ (B) کتاب میز پر پڑی ہے۔ (C) وہ گر پڑا۔ (D) وہ راستے میں پڑا ہے۔

(19) لگنا : (A) تیر نشانے پر لگا۔ (B) میں کیسا لگ رہا ہوں۔ (C) وہ تمہارا کیا لگتا ہے۔ (D) کیا آپ کو میری بات بُری لگی۔

(20) کرنا : (A) مجھے ضرور خط لکھا کرو۔ (B) مولا کرم کرے۔ (C) تم نے یہ کیا کیا۔ (D) دُعا کرتے رہو۔

---------☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

| رول نمبر | 1304 - 28000 | گروپ سیکنڈ |
|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter - A - 2022 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2018 - 2020) to (2020 - 2022) | کل نمبر : 80 |

ہدایت ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔☆

حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 1 + 8

Bahawalpur Board-2022

(الف) مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی

کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اس کا

ہوئی ختم اس کی حجت اس زمیں کے بسنے والوں پر

کہ پہنچایا ہے ان سب تک محمد ﷺ نے کلام اس کا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

کام مردوں کے جو ہیں ، سو وہی کر جاتے ہیں جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں

موت ! کیا آکے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی ، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دید و ادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (15) = 1+1+3+10

(الف) جس زمانے میں نواب صاحب پیدا ہوئے اور ہوش سنبھالا ، مسلمانوں میں مذہبی جذبہ بہت بڑھا ہوا تھا۔اس کے متعدد اسباب تھے۔ان میں سے شاید ایک یہ بھی تھا کہ انسان جب ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے تو مذہب کی پناہ ڈھونڈتا ہے۔ مسلمان دولت واقبال ، جاہ و ثروت سب کچھ کھو چکے تھے ، ایک مذہب رہ گیا تھا، اس لئے یہ انہیں اور بھی عزیز ہو گیا۔ ذرا سی بدگمانی پر بھی ان کے جذبات بھڑک اُٹھتے تھے۔

(ب) تا حدِ نظر سبزہ ہی سبزہ ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوداہو (Oaho) میں کُہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہرانگ پایا جاتا ہے۔سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔میں نے وجدانی حُسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 9

(الف) مولانا ظفر علی خان (ب) پہلی فتح

سوال نمبر5 اسرارالحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ ( 5 )

سوال نمبر6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ ( 20 )

(الف) قدرتی وسائل کا تحفظ (ب) اُخوت اسلامی (ج) دہشت گردی ایک ناسُور

سوال نمبر7 آٹے اور چینی کے بحران کے بارے میں مدیر کے نام خط تحریر کیجئے۔ (10)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

B

L.K.No. 1303

Paper Code No.8023

اُردو (لازمی)

(Inter-A-2019)

گروپ فرسٹ

پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II)

وقت : 20 منٹ

Session (2015 - 17) to (2017 - 19)

کل نمبر : 20

Bahawalpur Board-2019

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C , D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 (الف) " SAS " کس ملک کی ایئرلائن ہے :

(1) (A) ڈنمارک (B) ساؤتھ افریقہ (C) سوئٹزرلینڈ (D) جاپان

(2) مولوی نذیر احمد پنجابی کٹڑے کی مسجد میں کہاں سے پڑھنے آتے تھے : (A) کلکتہ سے (B) لکھنو سے (C) بجنور سے (D) رانچی سے

(3) بصری ریشے ( Micro Links ) کب ایجاد ہوئے : (A) 1950ء (B) 1960ء (C) 1970 (D) 1980ء

(4) محمد بن ہارون کہاں کا گورنر تھا : (A) دیبل (B) کوفہ (C) بصرہ (D) مکران

(5) نواب محسن الملک نے کس ریاست کا بجٹ بنایا : (A) جوناگڑھ (B) حیدرآباد (C) لوہارو (D) پٹیالہ

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ------ : (A) ہوتی ہیں (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتا ہے

(7) " کلیاتِ اقبال " چھپ ------ : (A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) گئیں

(8) ریوڑ گھاس چر ------ : (A) رہی ہے (B) رہا ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

(9) اگرچہ وہ غریب ہے ------ دیانت دار ہے : (A) بلکہ (B) کیوں کہ (C) لیکن (D) تاکہ

(10) جوں جوں اوپر جاتے گئے ------ سردی بڑھتی گئی : (A) ویسے ویسے (B) جیسے جیسے (C) توں توں (D) ایسے ایسے

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(11) ان میں سے واوین کی علامت کون سی ہے : (A) " " (B) ؛ (C) ( ) (D) -----

(12) اقتباس یا قول کا حوالہ دینا مقصود ہو تو کون سی علامت لگاتے ہیں : (A) خط (B) وقفہ (C) قوسین (D) واوین

(13) ( ! ) کس کی علامت ہے : (A) قوسین (B) واوین (C) سکتہ (D) ندائیہ

(14) " ایل ایل بی " ان الفاظ میں کون سی علامت آئے گی : (A) ؛ (B) – (C) : (D) :–

(15) سب سے کم ٹھہراؤ کے لئے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے : (A) ؟ (B) " " (C) ! (D) ،

(د) امدادی افعال : درست جملے کی نشاندہی کریں۔

(16) پانا : (A) جھوٹ سے تم نے کیا پایا۔ (B) وہ وقت پر نہیں پہنچ پایا۔ (C) ہم نے آم میٹھے پائے۔ (D) ہم نے پتھروں کو کالا پایا۔

(17) ہونا : (A) بچہ رو دیا۔ (B) کتاب پر نام لکھا ہوا ہے۔ (C) گھنٹہ بارش ہوتی رہی۔ (D) سخت سردی ہوگئی۔

(18) پڑنا : (A) میز پر کاغذ نہیں پڑا۔ (B) سڑک پر چھلکا پڑا تھا۔ (C) لڑکا گر پڑا۔ (D) میں نے خط پڑھا۔

(19) رکھنا : (A) کتاب کہاں رکھی ہے۔ (B) طلبہ نے آسمان سر پر اُٹھا رکھا ہے۔ (C) اس کا نام اللہ رکھا ہے۔ (D) یہاں قلم رکھا ہے۔

(20) چکنا : (A) تقریر شروع ہو چکی ہے۔ (B) فرش چکنا ہے۔ (C) آٹے کی چکی پر جاؤ۔ (D) چکنی چپڑی باتیں نہ کرو۔

--------☆☆--------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2019

| رول نمبر | 1303 - 30,000 | گروپ فرسٹ |
|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2019 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2015 - 17) to (2017 - 19) | کل نمبر : 80 |

ہدایت ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔☆

**حصہ اول**

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا

وہی دوست ہے خالق دوسرا کا خلائق سے ہے جس کو رشتہ وِلا کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی ، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دید و ادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو
جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

بے ہنر ، دشمنیٔ اہل ہنر سے ، آ کر
منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

**حصہ دوم**

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) یوں تو انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے نواب صاحب مرحوم کے احسانات حیدر آباد اور اہل حیدر آباد پر بے شمار تھے لیکن ریاست کے نظم ونسق میں چند چیزیں خاص ان کی یادگار ہیں۔ مثلاً : ریاست کا بجٹ نواب صاحب نے مرتب کیا اور مصر کے بجٹ کے نمونے پر تھا جو وہاں انگریزی نگرانی کے بعد پہلی بار تیار ہوا تھا۔ بندوبست کا محکمہ بھی انہی کا قائم کیا ہوا ہے جس نے اراضی کی پیمائش کا کام کیا۔ اس کے علاوہ فنانس اور مال گزاری میں بہت سی اصلاحیں کیں جن کی تفصیل کا یہ موقع نہیں۔ یہ ان کے سوانح نویس کا کام ہے۔

(ب) پاکستانیوں خصوصاً پشاور والوں کے یہ بہت معترف تھے کہ بڑے تپاک اور خلوص سے ملتے ہیں۔ پی۔آئی۔اے کی خاص طور پر تعریف کرتے تھے کہ اس کے آدمی بہت خلیق اور متواضع ہیں۔ ہاں اپنے پشاور والے ہوٹل کے نام سے بے مزا ہوتے تھے۔ کہتے تھے یہ نظر بٹو ہے تاکہ پاکستان کو نظر نہ لگ جائے۔ دیکھو کابل ہوٹل میں یہ چار ڈالر روزانہ کا کتنا اچھا کمرہ ہے۔ اسے گرم رکھنے کا مرکزی نظام بھی ہے۔ قالین ، فرنیچر ، سروس سبھی کچھ معقول۔ پشاور میں میں تین روز رہا اور اس باوا آدم کے زمانے کے کمرے کے تیرہ ڈالر روزانہ دیتا رہا۔ یہی نہیں ان لوگوں نے پانچ روپے روزانہ اس کی لکڑی کے بھی مجھ سے وصول کیے جو کمرہ گرم رکھنے یا اس میں دھواں پھیلانے کے لئے روزانہ جلانی پڑتی تھی۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ (ب) ہوائی

سوال نمبر5 جوش ملیح آبادی کی نظم " سراغ راہرو " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بحثیت محسن انسانیت (ب) جدید دور میں کمپیوٹر کی اہمیت (ج) میرا نصب العین

سوال نمبر7 اپنے بھائی کو خط لکھیئے جس میں اُسے مطالعے کی رغبت کے بارے میں تلقین کیجیے۔ (10)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

A | L.K.No. 1304 | Paper Code No.8022 | اُردو (لازمی)

(Inter-A-2019) | گروپ سیکنڈ | پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II) | وقت : 20 منٹ

Session (2015 - 17) to (2017 - 19) | کل نمبر : 20

Bahawalpur Board-2019

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 (الف) ایوب عباسی نے کس کو پتلون پہننے کا مشورہ دیا :

(1) (A) ڈاکٹر عبدالرحمان کو (B) مولانا ابوبکر کو (C) رشید احمد صدیقی کو (D) اسرارالحق کو

(2) " کسی مرے ہوئے گورے کی یادگار ہے یہ " یہ کس شاعر کا مصرع ہے :
(A) سید محمد جعفری (B) سید ضمیر جعفری (C) ابن انشاء (D) انور مسعود

(3) " گنجینۂ گوہر " کس کی تصنیف ہے : (A) مولوی عبدالحق (B) رشید احمد صدیقی (C) چراغ حسن حسرت (D) شاہد احمد دہلوی

(4) پیغام رسانی کے لئے کس فرماں روا نے کبوتر پال رکھے تھے : (A) اورنگ زیب عالمگیر (B) ظہیرالدین بابر (C) اکبر اعظم (D) جہانگیر

(5) زبیر نے جس شخص کو قتل کیا وہ کس کا بھائی تھا : (A) حلاوہ کا (B) عبداللہ کا (C) قاضی کا (D) ناظر عدالت کا

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) ماہنامہ " فنون " چھپ ـــــ : (A) گئی (B) گیا (C) گئے (D) گئیں

(7) گھر عورت کی سلطنت ـــــ ہے : (A) ہوتی (B) ہوتیں (C) ہوتا (D) ہوتے

(8) ماموں بھانجا لڑ ـــــ : (A) پڑا (B) پڑیں (C) پڑی (D) پڑے

(9) محنت کرو ـــــ فیل ہو جاؤ گے : (A) ورنہ (B) کیونکہ (C) کہیں (D) چونکہ

(10) وہ غریب ـــــ ہے لیکن سخی بھی ہے : (A) جو (B) نہ (C) نہیں (D) کو

(ج) رموز اوقاف کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(11) کسی کو مخاطب کرنے کے لئے علامت لگتی ہے : (A) واوین (B) سوالیہ (C) ندائیہ (D) ختمہ

(12) ( ) یہ علامت کون سی ہے : (A) واوین (B) سکتہ (C) قوسین (D) رابطہ

(13) :- یہ علامت ہے : (A) ختمہ (B) تفصیلیہ (C) وقفہ (D) سکتہ

(14) کسی نے سچ کہا جان ہے تو جہان ہے علامت لگے گی : (A) ! (B) : (C) :- (D) ؟

(15) واوین کی علامت ہے : (A) ( ) (B) " " (C) ؟ (D) !

(د) امدادی افعال : درست جملے کی نشاندہی کریں۔

(16) سکنا : (A) وہ ابھی سکتے میں ہے۔ (B) میں نے یہ سکیم دیکھی۔ (C) تم سکول جاؤ گے۔ (D) وہ لاہور نہ جا سکا۔

(17) دینا : (A) مجھے ایک کپ چائے دو۔ (B) ابو نے تمہیں کیا انعام دیا۔ (C) میں نے فقیر کو آٹا دیا۔ (D) بچہ یکدم دیکھتے ہی رو دیا۔

(18) ہونا : (A) تمہارا نام رجسٹر میں لکھا ہوا ہے۔ (B) تمہیں کیا ہوا ہے۔ (C) کل بارش ہوئی۔ (D) تمہیں کیا ہوتا ہے۔

(19) کرنا : (A) تم نے یہ کیا کر دیا ہے۔ (B) وہ کالج آیا کرتا ہے۔ (C) آپ کمال کرتے ہیں۔ (D) آج کل کیا کر رہے ہو۔

(20) جانا : (A) اب جانے بھی دو۔ (B) مجھے مسجد جانا ہے۔ (C) یہاں سے چلے جاؤ۔ (D) آج مجھے جلدی جانا ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2019

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1304 - 29000 | گروپ سیکنڈ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2019 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2015 - 17) to (2017 - 19) | کل نمبر : 80 |

ہدایت ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔☆

## حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) خوش خصال و خوش خیال و خوش خبر ، خیرالبشر ﷺ

خوش نژاد و خوش نہاد و خوش نظر ، خیرالبشر ﷺ

دل نواز و دل پذیر و دل نشین و دل کشا

چارہ ساز و چارہ کار و چارہ گر ، خیرالبشر ﷺ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے ، ہم اپنی وضع کیوں بدلیں

سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سر گراں کیوں ہو

یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے

ہوئے تم دوست جس کے ، دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں

عدو کے ہو لئے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو

## حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انہوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا ، اگر چہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔ دو نہایت متدین اور راست باز شخص اس کام پر مقرر کئے کہ عدالت کے وقت ان کے پاس موجود رہیں اور ان سے جو غلطی سرزد ہو فوراً ٹوک دیں۔ ان کے اس طرزِ عمل سے لوگوں کو عام طور پر جرأت ہو گئی تھی اور لوگ نہایت بے باکی سے ان کے اقوال و افعال پر نکتہ چینی کرتے تھے۔

(ب) اوّل تو ان حالات میں کوئی شخص کچھ لکھنے کا حوصلہ ہی نہیں کرتا اگر کوئی مرزا غالب یا فیض احمد فیض پیدا ہو بھی جائے تو ازراہِ قانون اسے حکومت کو عرضی دینی چاہیے کہ بندے کی یہ تالیف لطیف زیورِ طبع سے آراستہ کی جائے۔ وہ ٹھوک بجا کر (کسی کام میں جلدی نہیں کی جاتی) دیکھیں گے کہ ہاں کوئی مضائقہ نہیں تو حکم ملے گا کہ اچھا چھاپ دیتے ہیں۔ کاغذ ، کتابت ، طباعت کے پیسے لاؤ اور جب چھپ جائے تو جہاں جی چاہے ، جیسے جی چاہے بیچو۔ مانگ کا حال یہ ہے کہ کچھ کتابیں شائقین خرید لے جاتے ہیں ، کچھ بنیا لے جاتا ہے اور اس میں کشمش ، چلغوزے وغیرہ ڈال کر بیچتا ہے۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) پہلی فتح (ب) ہوائی

سوال نمبر5 سید ضمیر حسین جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) مخلوط تعلیم (ب) سیلاب کی تباہ کاریاں (ج) اپنی مدد آپ

سوال نمبر7 اپنے بھائی کو خط لکھیے جس میں اُسے مطالعے کی رغبت کے بارے میں تلقین کیجیے۔ (10)

☆☆☆☆☆☆

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

A | L.K.No. 903 | Paper Code No.8021 | اُردو (لازمی)

(Inter-A-2018) | گروپ فرسٹ | پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II) | وقت : 20 منٹ

Session (2014 - 16) to (2016 - 18) | کل نمبر : 20

Bahawalpur Board-2018

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 محمد بن قاسم نے بصرہ میں قیام کیا :

(1) (A) پانچ دن (B) دو دن (C) چار دن (D) تین دن

(2) " برہان " کس ڈرامے کا کردار ہے : (A) قرطبہ کا قاضی (B) انارکلی (C) دستک (D) آرام وسکون

(3) کلکتہ کس کی جائے پیدائش ہے : (A) مرزا غالب کی (B) بیگم اختر ریاض الدین کی (C) میر تقی میر کی (D) میرانیس کی

(4) مولانا ظفر علی خاں اخبار نکالتے تھے : (A) نئی دُنیا (B) پیسہ اخبار (C) زمیندار (D) مشرق

(5) مارکونی نے وائرلیس بنانے میں پہلی کامیابی کب حاصل کی : (A) 1875ء (B) 1885ء (C) 1895ء (D) 1865ء

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) وہ حسین ہی نہیں بلکہ شوخ -------- ہے (A) سی (B) بھی (C) ہی (D) تو

(7) سب عورتوں نے کہا ہم -------- ہیں : (A) آتے (B) آتی (C) آتیں (D) آتا

(8) ماہنامہ " ادبی دُنیا " بند ہو -------- ہے : (A) گئی (B) گئے (C) گیا (D) گئیں

(9) جیسے جیسے وہ مجھ سے دور ہوتے گئے -------- دل سے اُترتے گئے :

(A) ایسے ایسے (B) کیسے کیسے (C) جوں جوں (D) ویسے ویسے

(10) میں نے سلمیٰ کی زُلفوں کو لمبا-------- : (A) پایا (B) پائیں (C) پائے (D) پائی

رموز اوقاف کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(11) قوسین کی علامت کون سی ہے : (A) " " (B) ( ) (C) ؟ (D) :-

(12) مختصر ٹھہراؤ کو کہتے ہیں : (A) وقفہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) ختمہ

(13) السلام علیکم کے بعد کون سی علامت لگے گی : (A) :- (B) ؟ (C) (؛) (D) !

(14) رابطہ کو کہتے ہیں : (A) وقفِ خفیف (B) نصف وقف (C) وقفِ لازم (D) فجائیہ

(15) جہاں کسی چیز کی تفصیل بیان کرنا مقصود ہو وہاں یہ علامت استعمال ہوتی ہے :

(A) :- (B) : (C) " " (D) ( )

امدادی افعال : درست جملے کی نشاندہی کریں۔

(16) دینا : (A) اس نے مجھے انعام دیا۔ (B) ڈاکیے نے آج خط دیا۔ (C) اسلم نے اُدھار رقم دی۔ (D) میں نے اُسے سمجھا دیا۔

(17) لینا : (A) اس نے اپنا انتقام لیا۔ (B) وہ پرس لے اُڑا۔ (C) یہ رقم رکھ لیجیے۔ (D) امجد نے نئی گاڑی لی۔

(18) ڈالنا : (A) خط لیٹر بکس میں ڈال دو۔ (B) صنم نے مار ڈالا۔ (C) جیب میں رقم ڈالو۔ (D) گلاس میں پانی ڈالو۔

(19) نکلنا : (A) کلاس سے نکل جاؤ۔ (B) امجد نے مجھے کمرے سے نکال دیا۔ (C) وہ جانب منزل چل نکلا۔ (D) مریض کا دم نکل گیا۔

(20) رہنا : (A) وہ ایک مدت سے یہاں رہتا ہے۔ (B) اب رہنے بھی دو۔ (C) اسلم کرائے کے مکان میں رہ رہا ہے۔ (D) آرام سے رہو۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2018

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 903 - 29000 | گروپ فرسٹ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2018 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2014 - 16) to (2016 - 18) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔☆

حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی — تو خارزار جہاں میں گُلاب پیدا کر

سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا — تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

عشرت قتل گہِ اہل تمنا مت پوچھ — عید نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

لے گئے خاک میں ہم داغ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی حکومت وسلطنت کا اصلِ اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔ صرف ملکی اُمور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔

(ب) مولوی نذیر احمد بڑے غیور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مَرفَّہ الحَال تھے ، مگر انہوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ جب اُن کی شادی ہوئی تو غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے۔ اسی میں الگ ایک گھنڈ لا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سُنا ہے کہ ان کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلکا لیتیں کبھی میاں۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ہوائی (ب) ایوب عباسی

سوال نمبر 5 مولانا حالی کی شامل نصاب نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) میرا پسندیدہ شاعر (ب) منشیات ایک لعنت (ج) تعلیم نسواں

سوال نمبر 7 دوست کے نام خط لکھیے جس میں اس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ (10)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

A | L.K.No. 904 | Paper Code No.8022 | اُردو (لازمی)

(Inter-A-2018) | گروپ سیکنڈ | پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II) | وقت : 20 منٹ

Session (2014 - 16) to (2016 - 18) | کل نمبر : 20

Bahawalpur Board-2018

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 کنٹھی کی موتیوں کی جوڑی کتنے پیسے کی تھی :

(1) (A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(2) ملک فراغ کے بادشاہ کا نام تھا : (A) دلارام (B) بہرام (C) خسروآرام (D) ہشام

(3) حلاوہ زبیر کی کیا لگتی تھی : (A) ماں (B) خالہ (C) دایہ (D) پھوپھی

(4) شاہد احمد دہلوی نے اپنے دادا " نذیر احمد " کو کس عمر میں دیکھا : (A) پانچ سال (B) چھ سال (C) سات سال (D) آٹھ سال

(5) ایوب عباسی کس رنگ کی شیروانی پہنتے تھے : (A) سفید (B) سیاہ (C) سرخ (D) ملگجی

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) یہ کام کرو --------- وہ کام کرو : (A) نہ (B) یوں (C) یا (D) جو

(7) ------ وہ بیمار تھا اس لئے کالج نہ آسکا : (A) البتہ (B) کیونکہ (C) چونکہ (D) اگرچہ

(8) وہ دیر سے آیا ------ کام مکمل کرلایا : (A) اور (B) بلکہ (C) چونکہ (D) البتہ

(9) یہ گھاس ------- سبز ہے : (A) کتنا (B) کتنی (C) کتنے (D) کیسا

(10) راوی لاہور میں ---------- : (A) بہتی ہے (B) بہتا ہے (C) بہتے ہیں (D) بہہ رہا ہے

رموز اوقاف کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(11) ختمہ کی تعریف ہے : (A) سب سے کم ٹھہراؤ (B) جملے کا خاتمہ (C) سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ (D) سوال پوچھنا

(12) ( ) علامت ہے : (A) خط (B) حذف (C) قوسین (D) ترک

(13) قلم دوات کہاں رکھی ہے : (A) :- (B) ؟ (C) (؛) (D) !

(14) ( : ) کس چیز کی علامت ہے : (A) تفصیلیہ (B) سوالیہ (C) رابطہ (D) ختمہ

(15) فجائیہ ، ندائیہ یا استعجابیہ کی علامت ہے : (A) :-- (B) ! (C) : (D) (؛)

درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

(16) کرنا : (A) تم یہاں کیا کرتے ہو ؟ (B) وہ سکول کا کام کرتا رہا۔ (C) وہ دل لگا کر پڑھا کرتے تھے۔ (D) تم یہ کیا کرتے رہتے ہو؟

(17) سکنا : (A) وہ انگلش بول سکتا ہے۔ (B) وہ سیکھ لیتا ہے۔ (C) تم عربی سیکھتے ہو۔ (D) اس نے سب کچھ سیکھا۔

(18) لگنا : (A) وہ خوبصورت لگتا ہے۔ (B) وہ تمہیں کیسا لگا؟ (C) وہ دیوار سے جا لگا۔ (D) وہ اتنا بدصورت کیوں لگتا ہے۔

(19) ڈالنا : (A) بلی نے چوہوں کو مار ڈالا۔ (B) ہم نے ووٹ ڈالا۔ (C) اس نے جیب میں پیسے ڈالے۔ (D) تم نے پلیٹ میں کھانا ڈالا۔

(20) لینا : (A) ہمیں اُس سے کیا لینا۔ (B) جلدی سے کتاب لاؤ۔ (C) اشفاق نے روزہ افطار کرلیا۔ (D) خیام نے دکان سے قلم لیا۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2018

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 904 - 25000 | گروپ سیکنڈ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2018 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2014 - 16) to (2016 - 18) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔☆

حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم — وہ بانکپن ، وہ اَچھوتا شباب پیدا کر

ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی — تو خارزار جہاں میں گُلاب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

عشرت پارۂ دل ، زخمِ تمنا کھانا — لذتِ ریشِ جگر ، غرق نمکداں ہونا

کی مِرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انہوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا ، اگر چہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔

(ب) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ اُن میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔ وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے ، دولت مند نہ تھے ، کچھ بہت ذہین بھی نہ تھے۔ نہ انہیں توڑ جوڑ آتا تھا ، نہ خوش پوشاک ، نہ خوش گفتار ، نہ خوش باش ، نہ رنگین ورعنا۔ وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ (ب) قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر 5 شاملِ نصاب نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے (ب) حبِ وطن (ج) میرا پسندیدہ شاعر

سوال نمبر 7 اخبار کے ایڈیٹر کے نام نجی چینلز پر اخلاق سوز پروگراموں کے حوالے سے خط تحریر کیجیے۔ (10)

Please visit for more data at: www.pakcity.org